## مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر کے کارکن محمد وقار کوشہید کردیا

## محمد وقار کی شہادت پرالطاف حسین کا اظہار افسوس،محمد وقار کی شہادت کا واقعہ شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش ہے،رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔23/جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ 108 کے کارکن محمد وقار ولد محمد بخش مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہوگئے ۔تفصیلات کے مطابق ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 108 کے کارکن شاہ فیصل کالونی میں کاکڑ ہوٹل کے قریب سے گزرر ہے تھے کہ مسلح دہشت گردوں نے ان پر فائرنگ کردی جس سے وہ موقع پر ہی شہید ہوگئے ۔واقعہ کی اطلاع ملتی ہی ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان جائے وقوعہ پر پہنچ گئے ۔محمد وقار کی شہادت کے واقعے سے ایم کیوایم کے کارکنان میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے۔

دریں اثناء ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی یونٹ 108 کے کارکن محمد وقار کی شہادت پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے محمد وقار شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمد وقار شہید کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔(آمین)

علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ 108 کے کارکن محمد وقار کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دہشت گردی کے اس واقعہ کو شہر کا امن خراب کرنے کی سازش قرار دیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بعض عناصر کراچی میں امن وامان کی صورت حال خراب کرنے کیلئے دہشت گردی پراتر آئیں ہیں اس مقصد کیلئے شہر کے مختلف علاقوں میں بے گناہ شہریوں کو فائرنگ کا نشانہ بنایا جارہا ہے اور محمد وقار کا قتل بھی اسی سازش کی کڑی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ محمد وقار کے بہیمانہ قتل کا فوری نوٹس لیا جائے اور قاتلوں کو گرفتار کر کے عبرتناک سزادی جائے ۔رابطہ کمیٹی نے محمد وقار شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور محمد وقار شہید کی مغفرت اور سوگواران کو صبر جمیل کیلئے دعا کی ۔

☆☆☆☆☆